قلندر شعور فاؤنڈیشن

خواجہ شمس الدّین عظیمی

قلندر شعور فاؤنڈیشن

بار گاہ رب العزت میں دست بہ دعا ہوں کہ اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کے خاندان کے افراد کو عزت مرتبہ اور صحت کے ساتھ آباد رکھے۔ ہم سب جانتے ہیں کہ دنیا ایک امتحان گاہ ہے اور امتحان میں کامیابی کے نتیجہ میں ہی ہم دین و دنیا کی سرخروئی حاصل کرتے ہیں۔

عزت اور وقار اس میں ہے کہ ہم اپنے اور اپنی بہنوں اور بھائیوں کے کام آئیں۔ اللہ تعالیٰ چونکہ خود اپنی مخلوق کی خدمت کرتے ہیں۔ اس لئے جو بندے اللہ کی مخلوق کی خدمت کرتے ہیں اللہ تعالیٰ ان سے خوش ہو کر ان کے اوپر وسائل اور آسائش کے دروازے کھول دیتے ہیں۔

چھبیس سال پہلے میں نے اللہ کی دی ہوئی توفیق کے ساتھ خدمت خلق کا سلسلہ شروع کیا تھا۔ یہ سلسلہ قبولیت عام حاصل کر کے رسالوں اور اخباروں تک پہنچ گیا اور سولہ سال سے ہر بڑے اخبار کے ذریعے خدمت خلق کا کام جاری و ساری ہے۔ خطوط کے انبار اور مسائل کی بہتات ہوئی تو مخلص اور کرم فرما دوستوں کی تجاویز کے تحت روحانی ڈائجسٹ کا اجراء ہوا اور اس طرح خطوط کی تعداد سیکڑوں سے تجاوز کر کے ہزاروں تک جا پہنچی۔ اور کام اتنا بڑھا کہ اس فری سروں کے لئے ہمیں اسٹاف رکھنا پڑا۔ اللہ کی مخلوق کی خدمت اور فلاح و بہبود کا کام الحمدللہ احسن طریقے پر ہو رہا ہے۔ سیدنا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے کرم اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے پریشان حال لوگوں کے مسائل بغیر فیس کے گھر بیٹھے حل ہو رہے ہیں۔

قدرت جب مہربانی کرتی ہے اور اللہ تعالیٰ براہ راست امداد فرماتے ہیں تو بندہ آگے اور آگے بڑھتا ہے اور اللہ تعالےٰ کا فیضان عام ہوتا رہتا ہے۔

www.ksars.org

اس مشن کو آگے بڑھانے کے لئے مخلص اور اللہ کی مخلوق کی خدمت کے جذبے سے سرشار دوستوں نے قلندر شعور فاؤنڈیشن کے نام سے ایک ادارہ رجسٹرڈ کروایا ہے۔ ادارہ کے اغراض و مقاصد یہ ہیں:۔

۱۔ موجودہ سائنسی دور میں اسلامی تعلیمات اور روحانی علوم کی تحصیل کے ذرائع کو وسیع کرنا۔

۲۔ روحانی مجالس مثلاً محفل میلاد شریف، ذکر و فکر کی مجالس وغیر کا انعقاد کرنا بزرگان دین و اولیا کرام اور اہل بیت اور اصحاب صفہ کے حالات کے تذکرہ کے لئے جلسے کرنا۔

۳۔ سیدنا حضور علیہ الصلوۃ والسلام کے اسلامی روحانی، اخلاق مشن کے ذریعہ امدادی اداروں مثلا ہسپتال، مدارس انڈسٹریل ہوم وغیرہ قائم کرنا۔

۴۔ یہ بات ایک مسلمہ حقیقت بن کر سامنے آگئی ہے کہ قلبی سکون اور ذہنی اطمینان صرف اس وقت مل سکتا ہے جب آدمی اپنی روح سے واقف ہو کر روح کی تحریکات کو سمجھتا ہو۔ اپنے اندر جگمگ کرتی روحانی دنیا کو جاننے کے لئے مراقبہ ہال کا اہتمام کرنا انفرادی اور اجتماعی مراقبے کرانا۔ جسم اور روح کو یک جان دو قالب بنا کر ماورائی دنیا میں سفر کرنا۔

۵۔ جسمانی صحت اور روحانی ترقی کے لئے خانقاہی نظام قائم کر کے سالکان طریقت کی تربیت کے لئے رہائش کا انتظام کرنا۔

۶۔ گھر بیٹھے اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشنودی کے لیے خط و کتابت کے ذریعے لوگوں کے مسائل حل کرنا خواب کی تعبیر کے ذریعے لوگوں کو حادثات اور پریشانیوں سے مستقبل میں محفوظ رہنے کے لئے مشورے دنیا اس بات کو یقینی بنانے کی عملی جدوجہد کرنا کہ لاعلاج اور پیچیدہ بیماریوں کا علاج اور مسائل کا حل جلد از جلد پیش کر دیا جائے۔

www.ksars.org

۷۔ ایسا ہوٹل تعمیر کرنا جس میں رہ کر چھوٹے بچے روحانی، دنیاوی اور سائنسی تعلیم حاصل کرنے کے بعد روحانی تشخص کے معمار بن سکیں۔ خود بھی پر سکون زندگی گزریں اور نوع انسانی کو بھی سکون آشنا زندگی سے ہمکنار کریں۔ بچوں سے ملاقات کے لئے آنے والے والدین کے لئے قیام و طعام کا انتظام۔

اسکیم کے مطابق ان سب کاموں کی تکمیل کے لئے ہمیں سرمائے کی ضرورت ہے۔ آپ سے اپیل کی جاتی ہے کہ اس کارِ خیر میں آپ جو بھی عطیہ دینا چاہیں وہ قلندر شعور فاؤنڈیشن کے نام منی آرڈر، بنک ڈرافٹ، پوسٹل آڈر یا چیک کے ذریعہ بھیج دیں۔ رقم موصول ہونے کے بعد ادارے کی طرف سے رسید جاری کر دی جائے گی۔ اللہ تعالیٰ سے دعا بھی کریں گے کہ صلہ و ستائش کی تمنا کے بغیر ہم سب کو مخلوق کی خدمت کی توفیق دے اور ہمارے اوپر اپنی رحمتوں کے خزانے کھول دے تاکہ اللہ تک ہماری رسائی ہو جائے اور آنے والی نسلوں کے لئے ہم مشعل راہ بن جائیں۔

دعا گو
خواجہ شمس الدین عظیمی
صدر۔ قلندر شعور فاؤنڈیشن

www.ksars.org